ادارہ



تعارف تبصرہ کتب

کتاب: التبیان فی الربط بین سور القرآن مؤلف: مولانا محمد رئیس
صفحات: 128 قیمت: -/100 روپے
ناشر: صوت القرآن اکیڈمی بغدادہ، مردان

مذکورہ کتاب میں مؤلف موصوف سے پوری محنت سے قرآن مجید کی تمام سورتوں کا باہمی ربط و تعلق مستند و معتمد مراجع کی روشنی میں بڑے دلکش انداز میں جمع کیا ہے۔ کتاب کی ابتداء میں تعریف قرآن وجہ تسمیہ اسماء القرآن موضوع و مقاصد قرآن مضامین و مخاطبین قرآن شرک کی تعریف اور اقسام قرآن کے مرکزی مضامین توحید اور اس کی اقسام وغیرہ کو بہترین انداز میں بیان کر کے علم تفسیر کا ذوق رکھنے والوں کے لئے انتہائی آسانی پیدا کی۔

اللہ تعالیٰ مولانا کی اس وقیع تالیف کو شرف پذیرائی عطا فرما کر عوام و خواص کو التبیان فی الربط بین سور القرآن سے استفادہ کی توفیق عطا فرمائے۔

کتاب تحفۃ القاری بحل مافی صحیح البخاری (جلد۲) مؤلف: مولانا محمد یوسف مدنی
ضخامت: ۵۰۴ صفحات قیمت: درج نہیں
ناشر: مکتبۃ الشیخ ۳/۴۴۵ بہادر آباد کراچی نمبر۵

اصح الکتب بعد کتاب اللہ کی سعادت جس کتاب کو حاصل ہے وہ صحیح بخاری ہے۔ قدیماً وحدیثاً اسی اہم کتاب کی بہت سی شروحات لکھی گئی ہیں اور یہ سلسلہ تا ہنوز جاری ہے ان شروحات میں بعض تو ایسی ہیں جو کہ کئی جلدوں پر مشتمل ہیں، لیکن حق یہ ہے کہ ابھی تک اس کا حق ادا نہیں ہوا۔ اس لئے ہر دور میں شیوخ و محدثین نے اس کی شروحات و توضیحات پر توجہ دی ہے۔ ہمارے یہاں بنات کے مدارس میں بخاری شریف کا کچھ حصہ طالبات کے لئے شامل نصاب کیا گیا ہے۔ زیر تبصرہ کتاب اسی نصاب کے متعلق ہے۔ اس کی پہلی جلد مطبوعہ کتاب الجہاد پر مشتمل ہے اور یہ دوسری جلد کتاب بدء الوحی سے لے کر کتاب الانبیاء تک ہے۔ کتاب الجہاد کی توضیح و تشریح کے متعلق جلد اول کی منظر عام پر آنے سے علمی حلقوں میں اس کی خوب پذیرائی ہوئی اور اہل علم مشائخ و طلبہ و طالبات نے مؤلف کی محنت و